DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 460

DATED 22-05-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for* (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 22.05.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کے لیے وفاقی تعاون ناگزیر ہے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ٹرکوں کو آگ لگانے والے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | سڑکوں کی بہتری سے ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، سلیم کھوسہ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | گوادر چین سے سعودی عرب 29 ہزار ٹن سے زائد کارگو لے جانے والا جہاز لنگر انداز۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | محکمہ صحت میں بھرتیوں کا عمل جلد شروع کیا جائے گا، بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | سی پیک پاکستان اور چین کے اقتصادی تعاون کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، اسحاق ڈار۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ضلع کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے لیے حلقہ بندیوں کا عمل مکمل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | رائز پروگرام نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی ضمانت بنے گا، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | محکمہ جیل خانہ جات کے 17 وارڈرز اور چار دیگر ملازمین برطرف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | مویشی منڈیوں میں جانوروں وشہریوں کی صحت کے تحفظ کے لیے حفاظتی اقدامات۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 11 | میٹروپولیٹن کی املاک کے قانونی تقاضوں کو ہر صورت پورا کیا جائے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | عیدالاضحیٰ کوئٹہ سے کراچی اسپیشل ٹرین چلانے کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پاکستان کا گوادر میں اسٹریٹجک آئل ذخائر قائم کرنے کا منصوبہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | ایس ایس پی آپریشن نے اخبار فروش سے رقم لینے کے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سبی ہرنائی شاہراہ فنڈز شیئرنگ فارمولے کو حتمی شکل دی جائے، ہائیکورٹ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان کے باصلاحیت نوجوان ہمارا اصل سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکومت کی مجوزہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی آزادی اظہار اور عوامی مفادات کے خلاف ہے، نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ابتدائی یونٹس کا قیام اور تنظیمی ڈھانچے کی مضبوطی بنیادی اہمیت کی حامل ہے، نصر اللہ زیرے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | مادر وطن خون سے لت پت لوگ اپنے ہی وطن میں عدم تحفظ کا شکار ہیں، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

دالبندین چاغی کے علاقے سے تین افراد کی مسخ شدہ لاشیں برآمد، ثمینہ زہری پر قاتلانہ حملہ کیس شہزاد بھوتانی کو قید وجرمانے کی سزا ملزم کمرہ عدالت سے فرار، کوئٹہ ہرنائی شاہراہ پر مسلح افراد نے کوئلہ لے جانے والے پانچ ٹرکوں کو آگ لگا دی، اینٹی نارکوٹکس کی نیوی کے ہمراہ مشترکہ کارروائی گڈانی کے ساحل سے 31 ارب روپے کی منشیات برآمد، جھل مگسی میں ٹارگٹڈ آپریشن پانچ دہشت گرد ہلاک ڈی ایم جمالی میں پولیس موبائل پر حملے میں 16 افراد زخمی، چاغی میں محمد حسنی قبائل کی ذیلی شاخوں میں تصادم ایک شخص جاں بحق۔

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

**مسائل :**

| |
|---|
| اخبار فروش سے پیسے لینے والے اہلکاروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ, میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سینکڑوں ملازمین عید پر بھی تنخواہوں سے محروم ہیں , خضدار باغبانہ تا باجوئی لنک روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار، خضدار جانوروں کی دیگر اضلاع کو منتقلی کے سلسلہ جاری قیمتیں دگنی۔ |

**مورخہ 22.05.2026**

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**میر سرفراز بگٹی کے پانچ سال تک وزیر اعلیٰ رہنے کا عندیہ !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ کافی دنوں سے یہ بحث ومباحثہ چل رہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے لیے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی میں ڈھائی ڈھائی سال کا معاہدہ ہوا ہے۔اس کی تصدیق مسلم لیگ (ن) کے رہنما اکثر کرتے رہتے ہیں۔اس طرح میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی مدت پوری ہورہی ہے اس لیے اگلا وزیراعلیٰ مسلم لیگ (ن) سے لیا جائے۔اس سلسلے میں گذشتہ دنوں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی اور دیگر نے اسلام آباد میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کے دوران اپنا یہ موقف ان کے سامنے رکھا جس پر انہوں نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ وہ اس ضمن میں اقدامات کریں گے۔اس کے چند دن بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اسلام آباد میں ایک نیوز ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کردیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی مدت یعنی پانچ سال پورے کریں گے۔اس کے بعد پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے دورہ کوئٹہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ اشارہ کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے دور میں شروع کئے جانے والے منصوبوں کو پانچ سال میں مکمل کرلیں گے۔انہوں نے اس موقع پر ان منصوبوں کی تعریف بھی کردی۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Eid with Care" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bulist No.

Page No.



JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی: میر خلیل الرحمٰن

جلد 55 | جمعۃ المبارک 5 ذوالحجہ 1447ھ 22 مئی 2026ء | نمبر 149


# بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں مؤثر شمولیت کیلئے وفاقی تعاون ناگزیر ہے

سرفراز بگٹی

## وزیر اعلیٰ کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال سے آگاہ کیا

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی سیاسی صورتحال، [illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 2


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 05 ذوالحجہ 1447ھ 22 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 317

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بلوچستان کی ترقی کیلئے وفاق ہر ممکن تعاون کریگا، سردار ایاز صادق

## صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی، پاکستان کی خوشحالی میں بلوچستان کی اہمیت کلیدی ہے

## بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کیلئے وفاقی تعاون ناگزیر ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بات چیت



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون اور صوبے کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال، اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات سے اسپیکر قومی اسمبلی کو آگاہ کیا انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کے لیے وفاقی تعاون ناگزیر ہے اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کی ترقی، استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی سطح پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی ملاقات میں پارلیمانی امور، بین الصوبائی ہم آہنگی، اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 159 | جمعۃ المبارک، 5 ذوالحج، 22 مئی 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے


# صوبے کی ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کیلئے وفاق کا تعاون ناگزیر، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی سپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال سمیت دیگر معاملات پر تبادلہ خیال

**بلوچستان ملک کی ترقی و خوشحالی میں کلیدی اہمیت کا حامل، عوام کی بہتری کیلئے مشترکہ کاوشیں جاری رکھیں گے، سردار ایاز صادق**



اسلام آباد: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون اور صوبے کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات سے اسپیکر قومی اسمبلی کو آگاہ کیا انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کے لیے وفاقی تعاون ناگزیر ہے اس موقع پر

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کی ترقی، استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی سطح پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی ملاقات میں پارلیمانی امور، بین الصوبائی ہم آہنگی، اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No.


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعۃ المبارک 22 مئی 2026ء بمطابق 05 ذوالحجۃ 1447ھ | شمارہ نمبر 140


# بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے وفاقی تعاون ناگزیر ہے: سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ کی سپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون اور مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال

**بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے، عوام کی بہتری کیلئے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی: سردار ایاز صادق**

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون، اور صوبے کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال، اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات

بقیہ نمبر 67 صفحہ 5 پر

سے اسپیکر قومی اسمبلی کو آگاہ کیا انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کے لیے وفاقی تعاون ناگزیر ہے اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کی ترقی، استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی سطح پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی ملاقات

میں پارلیمانی امور، بین الصوبائی ہم آہنگی، اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
IERAL OF PUBLIC
IONS BALOCHSITAN

امت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

ge No.


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 22 مئی 2026ء بمطابق 05 ذوالحجۃ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 141


# بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کیلئے وفاقی تعاون ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ

## میر سرفراز بگٹی کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون پر تفصیلی تبادلہ

## بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی، ایاز صادق

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون، اور صوبے کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال، اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات سے اسپیکر قومی اسمبلی کو آگاہ کیا انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور قومی دھارے میں موثر شمولیت کے لیے وفاقی تعاون ناگزیر ہے اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کی ترقی، استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی سطح پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے اور صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھی جائیں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 MAY 2026

Page No. 8

# سبی ہرنائی شاہراہ فنڈز شیئرنگ فارمولے کو حتمی شکل دی جائے، ہائیکورٹ

وزیراعظم ٹاسک فورس نے صرف شیئرنگ فارمولے کی تجویز دی تھی، صوبائی حکام نے از خود 80/20 تناسب طے کرلیا، ریمارکس

اے سی ایس ترقیات ذاتی طور پر معاملے کی نگرانی کریں، منصوبے میں حکومتی دلچسپی دکھائی نہیں دے رہی، جسٹس کامران خان ملاخیل

کوئٹہ (ع ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس گل حسن ترین پر مشتمل دو رکنی بنچ نے عبدالرحیم زیارتوال کی جانب سے دائر آئینی درخواست بنام منصوبہ بندی کمیشن و دیگر کی سماعت کی، جس میں زیارت موڑ۔کچ۔ہرنائی۔سنجاوی اور ہرنائی۔سبی شاہراہ منصوبوں پر پیش رفت رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ عدالت کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی جانب سے آگاہ کیا گیا کہ زیارت موڑ۔کچ۔ہرنائی۔سنجاوی روڈ منصوبے کا تفصیلی ڈیزائن اور ٹینڈر دستاویزات مکمل کرلی گئی ہیں، جبکہ منصوبے کے .........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

لیے وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 میں 200 ملین روپے کی ٹوکن رقم مختص کی جا چکی ہے۔ این ایچ اے نے موقف اختیار کیا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے فنڈنگ اور فنڈ شیئرنگ فارمولے سے متعلق حتمی فیصلے کے بعد ٹینڈرنگ کے عمل کو باضابطہ طور پر شروع کیا جائے گا۔ این ایچ اے نے عدالت کو یہ بھی بتایا کہ منصوبے کے لیے تین سالہ تکمیلی پلان پہلے ہی پلاننگ کمیشن کو ارسال کیا جا چکا ہے۔ اسی طرح ہرنائی تا سبی روڈ براستہ اسپن تنگی منصوبے کے حوالے سے عدالت کو بتایا گیا کہ منصوبے کا PC-1 نظرثانی کے مراحل میں ہے اور این ایچ اے کی جانب سے کنسلٹنٹ کے ذریعے تیسرے فریق کی توثیق تقریباً مکمل کرلی گئی ہے۔ این ایچ اے کے مطابق منصوبے کے درست ڈیزائن کے لیے سیٹلائٹ امیجری اور ڈیجیٹل ایلیویشن ماڈلز حاصل کیے جارہے ہیں

Century Express Quetta

# پاکستان کا گوادر میں اسٹریٹجک آئل ذخائر قائم کرنیکا منصوبہ

## غیر معمولی حالات کی صورت میں پاکستان کو ان ذخائر کے استعمال کا پہلا حق حاصل ہوگا

### کویت کی جانب سے گوادر میں اسٹریٹجک آئل ذخائر قائم کرنے میں خصوصی دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (رپورٹ/ظفر بھٹہ) پاکستان نے گوادر پورٹ پر مجوزہ "انرجی سٹی" میں تیل پیدا کرنے والے ممالک کو اسٹریٹجک آئل ذخائر قائم کرنے کی دعوت دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ ہنگامی حالات میں ملک کو توانائی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق جنگ یا دیگر غیر معمولی حالات کی صورت میں پاکستان کو ان ذخائر کے استعمال کا پہلا حق حاصل (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

ہوگا۔ حکام کا کہنا ہے کہ کویت نے گوادر میں اسٹریٹجک آئل ذخائر قائم کرنے میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی ہے، جبکہ بلوچستان میں نئے بندرگاہی مقامات اور انرجی سٹی کے لیے موزوں زمین کی نشاندہی کے لیے ایک اعلیٰ سطح کمیٹی کام کررہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ماضی میں گوادر میں آئل سٹی بنانے کا منصوبہ بعض دوست ممالک کی مخالفت کے باعث عملی شکل اختیار نہ کر سکا تھا، تاہم اب حکومت انرجی سٹی کے نام سے ایک جامع منصوبہ متعارف کرا رہی ہے، جس میں اسٹریٹجک آئل ذخائر کے ساتھ ساتھ ایل این جی اور ایل پی جی ٹرمینلز بھی قائم کیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے کویت کو پاکستان کے ساحلی اور توانائی لاجسٹکس کوریڈورز میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے مختلف بندرگاہی اور بحری منصوبوں پر بریفنگ دی۔ کویتی سفیر ناصر عبدالرحمان جاسر المطیری نے وزیر سے ملاقات میں گوادر میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا، جہاں انہیں اسٹریٹجک آئل ذخائر کے قیام میں سرمایہ کاری کی پیشکش بھی کی گئی۔ حکومت سعودی عرب کی جانب سے بھی کسی مثبت پیش رفت کی منتظر ہے۔ وزیر بحری امور نے کویت کو لیول اسٹوریج، بانڈڈ ویئر ہاؤسنگ، جیٹی تعمیر، پورٹ انفراسٹرکچر اور مجوزہ انرجی سٹی میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی بحری معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور علاقائی تجارت و توانائی راہداری میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کا خواہاں ہے۔ کویت کو پیش کیے گئے منصوبوں میں کراچی کے قریب واقع پورٹ قاسم پر ایک کثیر المقاصد ٹرمینل بھی شامل ہے۔ اپریل 2026 میں وزیر بحری امور نے پاکستان میری ٹائم انرجی سٹی (PMEC) کے قیام کا اعلان کیا تھا۔ وزیر نے "ہنڈریڈ ایئر وژن 2047-2147" کے تحت قائم 12 رکنی کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ نئے گہرے سمندری بندرگاہوں اور متعلقہ انفراسٹرکچر کے لیے موزوں مقامات کی نشاندہی کے ساتھ جامع ترقیاتی منصوبہ تیار کیا جائے۔

# ایس ایس پی آپریشن نے اخبار فروش سے رقم لینے کے واقعے کا نوٹس لے لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان نے انسکمب روڈ پر اخبار فروش سے مبینہ بدسلوکی اور رقم لینے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی سٹی نعمان ظفر کی سربراہی میں تحقیقاتی کمیٹی قائم کردی۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان نے بتایا ہے کہ انسکمب روڈ پر اخبار فروش سے مبینہ بدسلوکی اور رقم لینے کے واقعے کا نوٹس لیا ہے معاملے کی انکوائری ایس پی سٹی نعمان ظفر کررہے ہیں جبکہ واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان نے مزید کہا کہ اگر تحقیقات میں پولیس اہلکار ملوث پائے گئے تو ان کے خلاف سخت قانونی اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا اور پولیس معاشرے میں امن و امان اور عوامی مسائل اجاگر کرنے کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں جبکہ میڈیا ریاست اور معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، قانون سے بالاتر کوئی نہیں اور شہری ہوں یا میڈیا سے وابستہ افراد کیساتھ غیر مناسب رویہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 22 MAY 2026

Page No. 10


## دالبندین: چاغی کے علاقے سے 3 افراد کی مسخ شدہ لاشیں برآمد

فوری طور پر ان کی شناخت ممکن نہ ہو سکی، شناخت فرانزک اور میڈیکولیگل کارروائی مکمل ہونے پر کی جائے گی، ایم ایس پرنس فہد ہسپتال

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی کے علاقے سیاہ جنگ سے تین نامعلوم افراد کی انتہائی مسخ شدہ لاشیں برآمد ہوئی ہیں جنہیں ابتدائی کارروائی کے بعد پرنس فہد ہسپتال دالبندین منتقل کر دیا گیا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق لاشیں اس قدر مسخ شدہ حالت میں تھیں کہ فوری طور پر ان کی شناخت ممکن نہ ہو سکی۔ ایم ایس پرنس فہد ہسپتال ڈاکٹر لونگ خان عیسیٰ زئی نے بتایا کہ متوفیان کی شناخت فرانزک اور میڈیکولیگل کارروائی مکمل ہونے کے بعد کی جائے گی۔ اے سی دالبندین طاہر خان سنجرانی کے مطابق لاشوں کو مزید فرانزک معائنے اور شناخت کے لیے کوئٹہ منتقل کیا جائے گا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق یہ لاشیں ممکنہ طور پر ریکوڈک کمپنی کے ان ملازمین کی ہو سکتی ہیں جنہیں 17 مئی 2026 کو مبینہ طور پر اغوا کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں محمد افضل ولد غلام رسول (57 سال)، وسیم ولد اللہ یار (32 سال) اور ظہیر احمد ولد ظہور احمد (21 سال) شامل ہیں، تاہم حتمی تصدیق فرانزک رپورٹ آنے کے بعد ہی کی جائے گی۔ انتظامیہ کے مطابق لاشیں پہلے ڈی ایچ کیو ہسپتال دالبندین منتقل کی گئیں جہاں شناخت نہ ہونے کے باعث انہیں مزید کارروائی کے لیے کوئٹہ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

## شمیمہ زہری پر قاتلانہ حملہ کیس

## شہزاد بھوتانی کو قید و جرمانے کی سزا، ملزم کمرۂ عدالت سے فرار

فرار میں معاونت کرنے پر انسپکٹر علی احمد زہری سمیت دو پولیس افسران کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

حب (آن لائن) سیشن کورٹ نے 8 فروری 2024 کو شیخ حسن گوٹھ کے پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے حساس واقعے میں شہزاد بھوتانی کو اقدام قتل کے جرم میں سات سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی، جبکہ بلوہ اور ہنگامہ آرائی کے جرم میں مزید ایک سال قید کا حکم بھی جاری کیا گیا۔ فیصلہ سنتے ہی ملزم شہزاد بھوتانی کمرہ عدالت سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا جس کے بعد سیکیورٹی اداروں نے شہزاد بھوتانی کی تلاش شروع کر دی۔ واقعہ عام انتخابات کے روز اس وقت پیش آیا جب پولنگ کے دوران مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات سامنے آئیں، جس پر حلقہ پی بی-21 حب سے امیدوار اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر علی حسن زہری اپنی اہلیہ، معروف سینیٹر اور انسانی حقوق کی قائمہ کمیٹی کی چیئر پرسن شمینہ ممتاز زہری کے ہمراہ پولنگ اسٹیشن پہنچے جہاں کشیدگی اچانک بڑھ گئی اور فائرنگ کا واقعہ پیش آیا تھا۔

## کوئٹہ ہرنائی شاہراہ پر مسلح افراد نے کوئلہ لے جانیوالے پانچ ٹرکوں کو آگ لگادی

ماگی تھانے کے ایس ایچ او، محکمہ جنگلات کے ملازم اور ایک مقامی شخص کے اغوا کی بھی اطلاعات، پولیس نے تصدیق نہیں کی

ہرنائی/کوئٹہ (نامہ نگار/اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ ہرنائی مین قومی شاہراہ زیارت ماگی ایریا میں نامعلوم دہشتگردوں نے ہرنائی سے کوئلہ لے جانے والے ٹرکوں کو روک کر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی۔ ایس پی زیارت پولیس طلال شاہ کے مطابق کوئلہ سے لوڈ پانچ ٹرکوں کو نامعلوم دہشتگردوں نے مین قومی شاہراہ پر روک کر نذر آتش کر دیا۔ کوئلہ سے لوڈ ٹرک ہرنائی سے براستہ زیارت پنجاب جا رہے تھے، تاہم اخری اطلاع ملنے تک دہشت گردی کے واقعہ میں جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ یاد رہے کہ ہرنائی کوئٹہ شاہراہ پر اس سے پہلے بھی زیارت کی انتظامی حدود ماگی کے ایریا میں کئی بار ٹرک جلائے گئے ہیں۔ مقامی ذرائع نے بتایا کہ مسلح افراد نے ماگی تھانے کے ایس ایچ او، ایک جنگلات کا ملازم اور ایک مقامی شخص کو اغوا کیا گیا تاہم زیارت پولیس نے ایس ایچ او ماگی و دیگر دو افراد کی اغواء کرنے کی تصدیق نہیں کی۔ اسٹاف رپورٹر کے مطابق واقعے کے بعد علاقے میں شدید کشیدگی دیکھی گئی جبکہ شاہراہ پر آمدورفت بھی متاثر ہوئی۔ ایس پی زیارت طلال شاہ نے بتایا کہ اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان کی تلاش جاری ہے جبکہ واقعے کے محرکات جاننے کے لیے تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہیں۔

## اینٹی نارکوٹکس کی نیوی کے ہمراہ مشترکہ کارروائی

## گڈانی کے ساحل سے 31 ارب روپے کی منشیات برآمد

منشیات کو بین الاقوامی منڈی میں اسمگل کیا جانا تھا، 425 کلو آئس، 5 ہزار سے زائد شراب کی بوتلیں، 20 کلو چرس شامل

حب (نامہ نگار) محکمہ ایکسائز اینٹی نارکوٹکس بلوچستان اور پاک نیوی کی بڑی مشترکہ کارروائی، گڈانی کے ساحل سے ڈمپ شدہ اربوں روپے کی منشیات برآمد کر لی گئی، ضبط کی گئی کھیپ کی مالیت بین الاقوامی مارکیٹ میں 31 ارب بتائی جاتی ہے، ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینٹی نارکوٹکس ساؤتھ زون محمد زمان خان نے حب میں سوک سینٹر میں واقع اپنے دفتر میں صحافیوں کو مختلف کارروائیوں سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایکسائز اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ کے عملہ نے پاکستان نیوی کے تعاون سے گڈانی میں ساحل سمندر میں کارروائی کرتے ہوئے اربوں روپے کی منشیات جس میں 425 کلو آئس، 5 ہزار سے زائد شراب اور بیئر کی بوتلیں سمیت 20 کلوگرام چرس برآمد کی گئی ہیں جو کہ برآمد شدہ منشیات سمندر کے راستے بین الاقوامی منڈی میں اسمگل کی جا رہی تھی ضبط کی گئی کھیپ کی مالیت بین الاقوامی مارکیٹ میں 31 ارب بتائی جاتی ہے، ضبط کی گئی غیر ملکی شراب اور منشیات کو ایکسائز اینٹی نارکوٹکس ساؤتھ زون نے اپنے قبضے میں لے کر اس پر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔

## جھل مگسی میں پولیس چوکیوں اور تھانے پر راکٹوں سے حملہ، تین زخمی

حملہ آور چوکی کو نذر آتش کر کے ایک پولیس اہلکار و سرکاری اسلحہ اپنے ساتھ لے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) جھل مگسی میں نامعلوم افراد نے مختلف پولیس چوکیوں و پولیس تھانے پر راکٹوں سے حملہ کیا۔ اس حملے میں ایک پولیس اہلکار سمیت تین افراد زخمی ہوئے جبکہ حملہ آور چوکی کو نذر آتش کر کے ایک پولیس اہلکار و سرکاری اسلحہ اپنے ساتھ لے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق جھل مگسی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے پولیس چوکی کوٹرہ پر راکٹ لانچروں سے حملہ، پولیس و سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار، حملے میں ایک پولیس اہلکار سمیت تین افراد معمولی زخمی ہو گئے جبکہ سعید اللہ پولیس چوکی پر حملہ کر کے ایک پولیس اہلکار کو اغواء کر کے چوکی کو نذر آتش کر کے سرکاری اسلحہ و ریکارڈ جلا کر فرار ہو گئے واقع کے بعد پولیس و سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 4

Dated: 22 MAY 2026

Page N


جھل مگسی ٹارگٹڈ آپریشن

# 5 دہشتگرد ہلاک، ڈی ایم جمالی میں پولیس موبائل پر حملے میں 16 افراد زخمی

ہلاک دہشت گرد سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے، کارروائی میں اسلحہ، گولہ بارود اور مواصلاتی سسٹم برآمد، سی ٹی ڈی

**گنداواہ چیک پوسٹ پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کی تلاش کیلئے سرچ آپریشن جاری، زخمی ہسپتال منتقل کردیے گئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز کے جھل مگسی میں ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں پانچ دہشتگرد ہلاک، قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور مواصلاتی سسٹم برآمد کرلیا گیا، دہشتگردوں نے پولیس چیک پوسٹ کو نذر آتش کردیا، ڈیرہ مراد جمالی (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

میں پولیس موبائل پر دستی بم حملے میں تین اہلکاروں سمیت 16 افراد زخمی ہوگئے۔ ہلاک دہشتگرد ریلوے ٹریک، قومی شاہراہ پر مسافروں کو قتل کرنے سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں مطلوب تھے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق جمعرات کو جھل مگسی میں سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ٹارگٹڈ آپریشن کیا اس دوران دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی ان پر فائرنگ کردی سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں پانچ دہشتگرد ہلاک ہوگئے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ گولہ بارود اور مواصلاتی سسٹم قبضے میں لے لیا گیا سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشت گرد ریلوے ٹریک کو بم سے اڑانے معصوم شہریوں کے قتل سمیت سنگین دہشت گردی کی وارداتوں میں مطلوب تھے، ادھر جھل مگسی کے پولیس تھانہ گنداواہ چیک پوسٹ سعد آباد اشاری پر دہشتگردوں نے حملہ کرتے ہوئے چیک پوسٹ کو آگ لگادی دہشتگردوں نے پولیس تھانہ کوٹڑہ پر بھی فائرنگ کی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے دہشت گردوں کی تلاش شروع کردی۔ پولیس کے مطابق نصیرآباد کے ڈویژنل ہیڈکوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں موٹر سائیکل سوار دہشتگردوں نے گشت پر مامور پولیس موبائل پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 3 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد زخمی ہوگئے، اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کرکے دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

[illegible] تفتیش جاری ہے۔


INTEKHAB QUETTA


# ژوب: کروڑوں روپے بینک فراڈ کیس میں مطلوب ملزم گرفتار

**ایک ارب 58 کروڑ سے زائد کا الزام، ملزم بیرون ملک فرار کی کوشش کررہا تھا، ملزم سے تفتیش شروع**

ژوب (آئی این پی) ژوب پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ارب 58 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے بینک فراڈ کیس میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی بابان زئی کے قریب خفیہ اطلاع پر عمل میں لائی گئی۔ پولیس حکام کے مطابق ایس ایچ او بابان زئی شوکت عالم مندوخیل اور ایڈیشنل ایس ایچ او شمس مندوخیل نے ژوب کوئٹہ شاہراہ پر ناکہ بندی کے دوران ملزم عمر ولد ملک ممتاز کاکڑ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر)

سکنہ [illegible] کو حراست میں لیا۔ ایس پی ژوب کے مطابق گرفتار ملزم [illegible] بینک فراڈ کیس میں مطلوب تھا اور ایک ارب 58 کروڑ روپے سے زائد [illegible] ملزم کو [illegible] ژوب منتقل کردیا گیا۔

## بلیدہ اور جوسک میں فائرنگ
## ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

بلیدہ (نمائندہ انتخاب) بلیدہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، جوسک میں فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص زخمی۔ ذرائع کے مطابق بلیدہ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے [illegible] بلیدہ کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ علاوہ ازیں جوسک کے علاقے میں فائرنگ کے واقعہ میں شاہ آباد [illegible] کا رہائشی [illegible] زخمی ہوگیا جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

## چاغی: محمد حسنی قبائل کی ذیلی شاخوں میں
## تصادم، ایک شخص جاں بحق

چاغی (نمائندہ) چاغی میں محمد حسنی قبیلے کے دو ذیلی شاخوں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، ایک شخص شدید زخمی۔ چاغی میں محمد حسنی قبیلے کے دو ذیلی شاخوں [illegible] کے درمیان تصادم سے [illegible] جاں بحق ہوئے جبکہ [illegible] شدید زخمی ہوئے، اطلاعات کے مطابق [illegible] فائرنگ سے [illegible] شدید زخمی ہوئے تھے [illegible] دونوں گروہوں کے مسلح افراد مورچہ زن ہیں [illegible] فائرنگ ہوئی [illegible] جاں بحق ہوئے۔ چاغی پولیس فورس نے 5 افراد کو گرفتار کرکے [illegible] کردیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 8 Dated: 22 MAY 2026 Page No. 12


## میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سینکڑوں ملازمین عید پر بھی تنخواہوں سے محروم ہیں

### انتظامیہ اور صوبائی فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی تاحال نہیں کی

### قربانی کے جانور خریدنا تو دور کی بات بچوں کے لیے راشن اور کپڑوں کی خریداری کرنے سے بھی قاصر ہیں

کوئٹہ (یو این اے) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے سینکڑوں ملازمین عیدالاضحیٰ جیسے بڑے مذہبی تہوار کے قریب آنے کے باوجود تاحال اپنی تنخواہوں سے محروم ہیں۔ ملازمین کے مطابق عیدالاضحیٰ کی آمد، لیکن ہر سال کی طرح اس سال بھی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انتظامیہ اور صوبائی فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی، جس کے باعث ان کے گھروں میں عید کی خوشیاں ماند پڑنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے وہ عید کے لیے قربانی کے جانور خریدنا تو دور کی بات، اپنے بچوں کے لیے راشن اور کپڑوں کی خریداری کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ انہوں نے شدید مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال عید کے موقع پر انہیں اسی طرح سڑکوں پر احتجاج اور اپیلیں کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ ملازمین نے حکومت بلوچستان، وزیراعلیٰ اور دیگر اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کو ہنگامی احکامات جاری کر کے عید سے قبل ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ...


INTEKHAB QUETTA


## خضدار باغبانہ تا باجوئی لنک روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار باغبانہ چلکو تا براستہ کھنڈ شہر، باجوئی شہر تک لنک روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں ٹرانسپورٹرز اور باغبانہ کے عوام شدید پریشانی میں مبتلا ہیں گزشتہ 20 سے 22 سالوں کی طویل عرصے گزرنے میں تاحال روڈ کو ریپئر تک نہیں کیا گیا ہے اب روڈ مکمل طور خستہ حالی کا منظر پیش کر رہا ہے ان خیالات کا اظہار اہلیان باغبانہ نے مقامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا گزشتہ 20 سے 22 سال قبل مرحوم جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے دور حکومت میں باغبانہ چلکو تا کھنڈ شہر اور باجوئی شہر لنک روڈ کی منظوری ہوئی اور سڑک کو پختہ کیا گیا اور آج بدقسمتی سے جگہ جگہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گیا ہے انہیں ریپئر تک کرنے کا گوارہ نہیں کیا جا رہا ہے اور روڈ کی تمام کا زیہ مکمل طور پر خستہ حالی کا منظر پیش کرنے لگی ہے روزانہ سینکڑوں گاڑیاں اسی روڈ پر سفر کیلئے نکلتے ہیں اور ٹرانسپورٹروں اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور علاقہ کے عوام کو لاوارث چھوڑا گیا ہے کوئی بھی علاقہ کی ترقی اور عوام کی خوشحالی پر توجہ نہیں دی جا رہی ہے عوام بے سروسامانی میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں باغبانہ کے عوام کو روڈ سے مکمل طور پر محروم کیا گیا ہے ایک سال سے زائد ہو رہا ہے روڈ تباہی و بربادی کا منظر پیش کر رہی ہے عوام کو سفر کرنے میں کافی مشکلات کا سامنا ہے باغبانہ تحوانی شہر، کھنڈ شہر، باجوئی شہر کے عوامی و سیاسی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری، بی این پی عوامی کے سربراہ سابق وفاقی وزیر میر اسراراللہ خان زہری و دیگر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ باغبانہ کے غریب عوام پر رحم کھا کر ان کے دیرینہ مسلہ چلکو تا باجوئی شہر سڑک کی فوری منظوری دلوانے کیلئے اقدامات کئے جائے۔ تاکہ اہل علاقہ سڑک کی نئی پختگی سے بہترین سفر کرنے سے مستفید ہو سکیں۔

## خضدار، جانوروں کی دیگر اضلاع کو منتقلی کا سلسلہ جاری، قیمتیں دگنی

خضدار (بیورو رپورٹ) ضلع خضدار میں مال مویشی کی خرید و فروخت پر عائد ضلع بندی پر عمل درآمد نہ ہونے کے باعث جانوروں کی اسمگلنگ بے قابو ہو گئی ہے تفصیلات کے مطابق غیر قانونی طور پر جانوروں کو ضلع سے باہر منتقل کرنے کا سلسلہ دن بدن تیز ہو گیا ہے جس سے مقامی منڈی شدید متاثر ہو رہی ہے خضدار کی مویشی منڈی میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران جانوروں کی قیمتیں دگنی ہو گئی ہیں جس سے عام شہری پریشان ہیں معلوم ہوا ہے کہ اسمگلر جانوروں کو کانک اور اناری ڈیم کے ایریا سے دن اور رات کے اوقات میں بسوں اور دیگر گاڑیوں میں ڈال کر مختلف شہروں میں منتقل کر رہے ہیں یہ غیر قانونی سرگرمی کھلے عام جاری ہے لیکن متعلقہ حکام کی جانب سے کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی ہے شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس فوری طور پر نوٹس لے کر اسمگلنگ کے راستے بند اگر فوری کارروائی نہ کی گئی تو عام آدمی کے لیے قربانی اور گوشت کا حصول مزید مشکل ہو جائے گا کچھ ٹرانسپورٹرز اسمگلروں کے ساتھ ملی بھگت میں ملوث ہیں جو جانوروں کو باہر لے جاتے ہیں


Century Express Quetta


## اخبار فروش سے پیسے لینے والے اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

### انجمن اتحاد اخبار فروشاں کی مذمت، ایکشن کمیٹی میں لائحہ عمل پر غور کا فیصلہ

کوئٹہ (پ ر) انجمن اتحاد اخبار فروشاں کے عہدیداروں نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حاجی برکت اخبار فروش صبح چار بجے اخبار مارکیٹ اخبارات کیلئے آرہا تھا کہ انسکب روڈ پر سول لائن پولیس تھانے کے اہلکاروں نے اسکو روک کر تلاشی کیلئے کہا جس پر اخبار فروش نے تلاشی بھی دی اپنا تعارف بھی کرایا اور یونین کی طرف سے جاری کردہ اخبار فروش کا کارڈ بھی دکھایا اس کے باوجود پولیس اہلکاروں نے بدتمیزی بھی کی اور ایک ہزار روپے کا مطالبہ کیا جس پر اخبار فروش نے پیسے دینے سے انکار کر دیا جس پر پولیس والوں نے حاجی برکت کی جیب سے زبردستی پیسے نکالنے کی کوشش کی جس پر اخبار فروش نے انہیں سڑک پر لگے کیمروں کی طرف نشاندہی کی کہ تمام حرکتیں ریکارڈ ہو رہی ہیں اسکے باوجود پولیس اہلکاروں نے اخبار فروش کی جیب سے زبردستی اخبارات کے پیسے نکال لئے۔ انجمن اتحاد اخبار فروشاں کے عہدیداروں نے پولیس اہلکاروں کی اس حرکت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ کیمروں میں ریکارڈ ہو چکا ہے لہٰذا محکمے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس واقعہ میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے ورنہ اخباری صنعت سے وابستہ تنظیمیں سخت اقدامات کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں اخباری صنعت کی مشترکہ ایکشن کمیٹی کا اجلاس بھی بلا کر آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 22 MAY 2026

Page No. 13


## میر سرفراز بگٹی کے پانچ سال تک وزیراعلیٰ رہنے کا عندیہ!

گذشتہ کافی دنوں سے یہ بحث ومباحثہ چل رہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے لیے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی میں ڈھائی ڈھائی سال کا معاہدہ ہوا ہے۔اس کی تصدیق مسلم لیگ (ن) کے رہنما اکثر کرتے رہتے ہیں۔اس طرح میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی مدت پوری ہورہی ہے اس لیے اگلا وزیراعلیٰ مسلم لیگ (ن) سے لیا جائے۔اس سلسلے میں گذشتہ دنوں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی اور دیگر نے اسلام آباد میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کے دوران اپنا یہ موقف ان کے سامنے رکھا جس پر انہوں نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ وہ اس ضمن میں اقدامات کریں گے۔اس کے چند دن بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اسلام آباد میں ایک نیوز ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کردیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی مدت یعنی پانچ سال پورے کریں گے۔اس کے بعد پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے دورہ کوئٹہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ اشارہ کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے دور میں شروع کئے جانے والے منصوبوں کو پانچ سال میں مکمل کرلیں گے۔انہوں نے اس موقع پر ان منصوبوں کی تعریف بھی کی۔دورہ کوئٹہ کے دوران انہوں نے متعدد منصوبوں کا افتتاح کرنے کے موقع پر یہ وعدہ کیا کہ وہ سب منصوبوں کا افتتاح اب نہیں کریں گے بلکہ کچھ منصوبوں کا افتتاح بعد میں کریں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) میں اگر ڈھائی ڈھائی سال کا معاہدہ ہوا تھا تو وہ اب موجودہ بیانات کے بعد ختم ہوگیا ہے اس طرح وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنی پانچ سال مدت پوری کریں گے جو کہ بلوچستان اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں ہے کیونکہ میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوامی مفاد کے ایسے کام کررہے ہیں جو کہ سابقہ حکومتیں نہیں کرپائی تھیں ان میں تاریخی اقدامات بھی ہیں سرفراز بگٹی کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ صوبے کے مفاد کی خاطر اپوزیشن اور اسمبلی سے باہر کی سیاسی جماعتوں کو ساتھ لے کر چل رہے ہیں اور اس سلسلے میں اپوزیشن بھی ان کا ساتھ دے رہی ہے کیونکہ ان دونوں کا یہ موقف ہے کہ بلوچستان سب کا مشترکہ صوبہ ہے اس لیے اس کی ترقی کے لیے سب کو مل کر کام کرنا چاہیے۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں قائم مخلوط حکومت کو اپنا کام کرنے دینا چاہیے کیونکہ انہوں نے اپنے دور حکومت میں بہت سے ترقیاتی منصوبے شروع کررکھے ہیں ان کو عہدے سے ہٹانے سے یہ منصوبے ادھورے رہ جائیں گے۔اس لیے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو پانچ سال مکمل حکومت کرنی دینی چاہیے جو کہ صوبے اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستا ن

6

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2026

Page No.

# Eid with Care

Eid ul Azha is almost here. In Quetta, sacrificial animals are arriving from different parts of the province and the country. People must also be careful. Every year during Eid, Congo virus cases start to appear in our city. This year, we cannot let that happen again. People of Quetta must follow simple protection SOPs. Please perform your Qurbani with care. Wear gloves. Wear a mask. Wear long sleeves. Wash your hands with soap again and again. Keep children away from blood and raw meat. These small steps can save your family from a dangerous virus. It is expected that offal removal and the cleanliness drive across Quetta will be far better than last year. The city administration is planning a faster and stronger system. Within hours of sacrifice, animal waste should be collected and removed. No more piles of skins and intestines on roadside. A clean Quetta is a safe Quetta. Every year around Eid, we see a troubling pattern. Cases of Congo virus, also known as Crimean-Congo Hemorrhagic Fever (CCHF), begin to appear. This dangerous virus spreads from infected animals to humans, often through ticks or direct contact with blood and tissues. That is why the need of the hour is very clear: only vaccinated animals should be allowed to enter our cities.

Authorities must ensure strict checking at all entry points. No animal should be brought into the market or city without a clear proof of vaccination. This is not about creating difficulty. It is about saving lives. If we let unvaccinated animals in, we are inviting Congo virus into our homes. Do your part, government cannot do everything alone. We the people must also help. Do not throw offal into empty plots or drains. Call the designated helplines. Use the collection points. A little effort from every family will make a big difference for the whole city. Use the designated collection points or call the helplines provided by the city. Better yet, donate the skin and offal to authorized charitable organizations that handle waste responsibly. Eid ul Azha is about sacrifice, obedience, and sharing. But it is also about protecting life. Islam teaches us to save lives. So let us celebrate this Eid with joy, but also with responsibility. Vaccinate the animals. Wear protective gear. Dispose of waste properly. Report any fever to the hospital immediately.